© rasailojaraid.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# گذارش

گذشتہ ماہ ستمبر کی ابتداء سے مسلسل خرابیٔ صحت کا شکار رہوں۔ اسی زمانہ میں علیگڈھ کا سفر پیش آیا اور چند روز غیر معمولی دماغی محنت کرنی پڑی۔ اسکے بعد سے تو جسمانی قوتوں نے گویا مکمل ہڑتال ہی کر دی جسکا سلسلہ کسی حد تک اب بھی جاری ہے۔ اسی وجہ سے یہ پرچہ اتنی دیر سے نکل رہا ہے، اور افسوس ہے کہ اس پرچہ میں "اشارات"، اور "اسلامی عبادات پر ایک تحقیقی نظر" دونوں مفقود ہیں۔

اب رسالہ کی اشاعت میں اس قدر تاخیر واقع ہو چکی ہے کہ اسکو بر وقت لانے کے لیے اس کے سوا کوئی صورت ممکن نظر نہیں آتی کہ رجب، شعبان اور رمضان (یعنی ستمبر، اکتوبر اور نومبر) کو ملا کر تینوں مہینوں کا ایک مجموعی نمبر نکال دیا جائے۔ چنانچہ آئندہ پرچہ اسی صورت میں مرتب کیا جا رہا ہے، اور اگر تائید الٰہی شامل حال رہی تو امید ہے کہ وسط نومبر تک ناظرین کے ہاتھوں میں پہنچ جائیگا۔

اس سہ ماہی نمبر میں آپ کو میرے خطبات یکجا ملینگے جنکی تعداد تیس کے قریب ہے۔ دو تین سال قبل ان میں سے چار یا پانچ خطبے متفرق طور پر "ترجمان القرآن" میں شائع ہوئے تھے۔ باقی سب کے سب اس رسالہ کے ناظرین کے لیے نئی چیز ہیں۔ یوں سمجھیے کہ یہ مجموعہ "رسالہ دینیات" کا تکملہ ہے۔ رسالہ دینیات میں عقائد اور نظام شریعت کا بیان تھا۔ اِس میں روحِ دین اور عبادات کی تشریح ہے۔ اور زبان و انداز بیان کے اعتبار سے یہ اُس سے بھی زیادہ سہل و عام فہم ہے۔

ابو الاعلیٰ

۲۵ ر اکتوبر ۱۹۴۰ء

---

© rasailojaraid.com